# PRESS RELEASE

For immediate release
November 2, 2023

## ایس ای سی پی نے شیئر ہولڈرز کے اجلاسوں کے انعقاد کو شفاف بنانے کے لیے کمیٹی تشکیل دے دی

اسلام آباد (نومبر 2)  سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں لسٹ کمپنیوں کے شیئر ہولڈرز کے اجلاس کے انعقاد کے طریقہ کار اور متعلقہ معاملات کا جائزہ لینے اور اصلاحات کے لئے شفارشات مرتب کرنے کے لیے ماہرین کی ایک کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ کمیٹی اقلیتی خاص طور پر شیئر ہولڈرز کے تحفظات اور حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات تجویز کرے گی۔

کمیٹی شیئر ہولڈرز کے اجلاس منعقد کروانے سے متعلق ریگولیٹری فریم ورک، ڈائریکٹرز کے انتخاب اور پراکسی کے استعمال کے ریگولیشنز کا جائزہ لے گی اور اجلاس کی کارروائیوں کی نگرانی ک، میٹنگ کے منٹس کی ریکارڈنگ کا مناسب طریقہ کار بھی تجویز کرے گی اور اجلاسوں کی افادیت اور کارکردگی کو بڑھانے میں ٹیکنالوجی کے استعمال بارے تجاویز دے گی۔

کمیٹی میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج، سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی، میوچل فنڈز ایسوسی ایشن آف پاکستان، پاکستان بزنس کونسل، انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان، پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے نمائندے شامل کئے گئے ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005